نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کا صوبہ بھر میں یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور زیادہ قیمت کے خلاف کریک ڈاؤن

یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور زیادہ قیمت میں ملوث 439 افراد کے خلاف ایف آئی آرز، 150 افراد گرفتار اور 5 کروڑ 57 لاکھ روپے سے زیادہ جرمانہ عائد

لاہور:16دسمبر2022 (   ) ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق صوبہ بھر میں یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور زیادہ قیمت پر فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہیں۔اس جرم میں ملوث 439 افراد کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا جا چکا ہے۔ان میں سے 150 افراد کو یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث پائے جانے پر گرفتار کیا گیا ہے اور 5 کروڑ 57 لاکھ روپے سے زیادہ جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں ربیع 2022 کے دوران قریباً 23 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن یوریا کھاد کی ضرورت ہے۔صوبہ پنجاب میں کسی جگہ یوریا کھاد کی کوئی قلت نہیں ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ کسی کو مہنگی کھاد بیچنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ذخیرہ اندوزوں اور مہنگی کھاد بیچنے والوں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے کے لئے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔کاشتکار صوبہ میں کسی بھی جگہ یوریا کی ذخیرہ اندوزی اور زیاددہ قیمت میں ملوث افراد کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پر فون نمبر **0300-2955539** پر کریں۔

☆☆☆☆☆